کیا آپ نے مندرجہ ذیل پر غور کیا ہے .....

- گاڑی کے بجائے پیدل یا سائیکل پر سکول آنا، بچے کی روزانہ 60 منٹ کی سرگرمی میں شامل کرنے کا یہ ایک اچھا طریقہ ہے اور اپنے روزانہ کے معمول میں شامل کرنا بھی آسان ہے۔ شروع میں ہفتہ میں اس پر ایک دفعہ عمل کیجئے پھر دیکھئیے کہ یہ کتنا آسان ہے۔

- گاڑی کہیں نزدیک کھڑی کر کے یا پھر اپنے بس سٹاپ سے دو سٹاپ پہلے اتر کر باقی سفر پیدل کرنا۔ اگر آپ بہت دور رہتے ہیں اور پیدل چلنے کیلئے بہت زیادہ فاصلہ ہے یا کام پر جانے آنے کیلئے آپ کو گاڑی کی ضرورت ہے تو پھر بھی آپ اپنے سفر کا کچھ حصہ پیدل کر سکتے ہیں۔ روزانہ اس پر عمل کرنے سے آپ بالغوں کیلئے تجویز کردہ 30 منٹ کی ہلکی ورزش میں شامل ہو سکتے ہیں، ہفتے میں 5 دن۔

- دوسروں کے ساتھ مل کر گاڑی میں سفر کرنے سے بھیڑ یعنی رش میں کمی لانے اور پیسے بچانے کا بہترین طریقہ ہے۔ آپ کے گھر کے قریب رہائش پذیر دیگر والدین یا دیکھ بھال کرنے والوں سے ملیں اور خرچ کو آپس میں تقسیم کر لیں اور مسائل سے بھی بچیں۔

اگر آپ کو اپنے سکول کے باہر پارکنگ کے متعلق تشویش ہے تو اس کی آن لائن رپورٹ کیجئے :

www.lancashire.gov.uk/parking یا پھر

0800 1952774 پر فون کیجئے۔

اس کتابچے پر مزید معلومات کیلئے براہ مہربانی سیفر ٹریول ٹیم کو

safertravelteam@lancashire.gov.uk پر ای میل کیجئے۔

Lancashire Constabulary
police and communities together

change 4 life
Eat well Move more Live longer

www.change4life.co.uk

سکول پارکنگ

School Parking



comms:3288

www.lancashire.gov.uk

Lancashire County Council

ہمارے سکولوں کے قریب محفوظ طریقے سے گاڑی کھڑی کرنے کے متعلق رہنمائی

ہمارے سکولوں کے قریب لاپرواہی اور خطرناک طریقے سے گاڑی کھڑی کرنا ایک بہت بڑا مسئلہ بن گیا ہے۔ جس کی وجہ سے بچوں اور دوسرے لوگوں کی حفاظت کو خطرہ لاحق ہے۔ ہم سب اپنے بچوں کو سکول کے اردگرد محفوظ رکھنا چاہتے ہیں اس لئے یہاں کچھ اہم تجاویز دی جا رہی ہیں کہ آپ کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

صبح مصروف ترین اوقات میں پانچ میں ایک گاڑی بچوں کو سکول پہنچانے کیلئے استعمال ہوتی ہے۔

آپ کیسے مدد کر سکتے ہیں؟

- ✓ اپنی رفتار کم رکھیئے
- ✓ اگر آپ اپنی گاڑی کو چھوڑ کر جا رہے ہیں تو اس کا انجن بند کر دیں
- ✓ سڑک کا درمیانی حصہ خالی رکھیں تا کہ سڑک استعمال کرنے والے دوسرے لوگ آسانی سے گزر سکیں
- ✓ اس بات کی یقین دھانی کیجئے کہ آپ کا بچہ گاڑی سے باہر نکلتے اور اندر بیٹھتے وقت محفوظ طریقے سے فٹ پاتھ پر اترے اور فٹ پاتھ سے ہی گاڑی میں بیٹھے۔
- ✓ گاڑی کا دروازہ کھولتے وقت پیدل چلنے والوں اوسائیکل سواروں کا خیال رکھیں۔
- ✓ فٹ پاتھ پر اتنی جگہ چھوڑیں تا کہ پیدل چلنے والے آسانی سے گزر سکیں
- ✓ گاڑی پیچھے موڑتے وقت دھیان رکھیں۔

مت بھولیئے .....

خطرناک پارکنگ کیلئے دی جانے والی وجوہات میں سے ایک بڑی وجہ سکولوں کے اردگرد ہجوم ہے، بچوں کو سکول چھوڑنے کے اور بھی طریقے موجود ہیں....

براہ مہربانی مندرجہ ذیل صاف رکھیں:-

- ✓ زگ زاگ (آڑی ترچھی) لائنیں اور سکول کے داخلے
- ✓ نیچے کئے گئے فٹ پاتھ
- ✓ رہائشیوں کی ڈرائیوے
- ✓ موڑ یا چوراہے کے سامنے یا اس کے 10 میٹر کے احاطے کے اندر، ایسا اس لئے تا کہ بچے گاڑیوں اور گاڑیاں بچوں کو دیکھ سکیں

آپ کے سوالات کے جوابات ....

اگر میں گاڑی کے اندر ہی رہوں تو کیا میں دوسری کھڑی گاڑی کے برابر میں گاڑی کھڑی کر سکتا/سکتی ہوں؟

جی نہیں۔ سڑک کے درمیان میں کھڑی گاڑیاں سڑک استعمال کرنے والے دیگر تمام لوگوں کیلئے رکاوٹ کا باعث بنتی ہیں اور بچوں یا پیدل چلنے والے لوگوں کو سڑک پار کرتے وقت دیکھنے میں دشواری پیدا کرتی ہیں۔

کیا میں زگ زاگ لائنوں پر گاڑی کھڑی کر سکتا/سکتی ہوں اگر میں صرف چند منٹ کیلئے رک رہا/رہی ہوں؟

جی نہیں۔ آپ کسی بھی صورت اور کسی بھی وقت زگ زاگ لائنوں پر گاڑی کھڑی نہیں کر سکتے، یہ نشان سکول کے داخلوں کو محفوظ رکھنے اور پیدل چلنے والوں کیلئے سڑک کو واضح دیکھنے کیلئے لگائے گئے ہیں۔

براہ مہربانی ہمارے سکولوں کے اردگرد دھیان سے گاڑی کھڑی کریں اور ہمارے بچوں کو محفوظ رکھیں!